# آؤ، پہاڑے بنائیں












## دو ایکا دو، دو دونی چار

۲ کا پہاڑا :

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دو ایکا دو | ۲ | دو، ایک مرتبہ | ۱ × ۲ | |
| دو دونی چار | ۴ | دو، دو مرتبہ | ۲ × ۲ | |
| دو تیا چھے | ۶ | دو، تین مرتبہ | ۳ × ۲ | |
| دو چوک آٹھ | ۸ | دو، چار مرتبہ | ۴ × ۲ | |
| دو پنجے دس | ۱۰ | دو، پانچ مرتبہ | ۵ × ۲ | |
| دو چھکے بارہ | ۱۲ | دو، چھے مرتبہ | ۶ × ۲ | |
| دو ستے چَودہ | ۱۴ | دو، سات مرتبہ | ۷ × ۲ | |
| دو اٹھے سولہ | ۱۶ | دو، آٹھ مرتبہ | ۸ × ۲ | |
| دو نواں اٹھارہ | ۱۸ | دو، نو مرتبہ | ۹ × ۲ | |
| دو دہائی بیس | ۲۰ | دو، دس مرتبہ | ۱۰ × ۲ | |

## ٣ کا پہاڑا :

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تین ایکا تین | ٣ | تین، ایک بار | ١ × ٣ |  |
| تین دونی چھے | ٦ | تین، دو بار | ٢ × ٣ |  |
| تین تیا نو | ٩ | تین، تین بار | ٣ × ٣ |  |
| تین چوک بارہ | ١٢ | تین، چار بار | ۴ × ٣ |  |
| تین پنجے پندرہ | ١۵ | تین، پانچ بار | ۵ × ٣ |  |
| تین چھکے اٹھارہ | ١٨ | تین، چھے بار | ٦ × ٣ |  |
| تین ستے اکیس | ٢١ | تین، سات بار | ٧ × ٣ |  |
| تین اٹھے چوبیس | ٢۴ | تین، آٹھ بار | ٨ × ٣ |  |
| تین نواں ستائیس | ٢٧ | تین، نو بار | ٩ × ٣ |  |
| تین دہائی تیس | ٣٠ | تین، دس بار | ١٠ × ٣ |  |

اسی طرح ۴ کا پہاڑا بھی آسانی سے بنایا جاسکتا ہے۔

شاہد : آج میں نے درخت سے ۴ امرود توڑ کر لائے۔

باجی : ہم ان کا استعمال کر کے ۴ کا پہاڑا تیار کریں گے۔

شاہد : کیا صرف ۴ امرود استعمال کر کے ہم ۴ کا پہاڑا تیار کر سکیں گے؟
کیا اس کے لیے زیادہ امرود نہیں چاہیے؟

باجی : زیادہ امرود کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم سب مل کر یہ پہاڑا تیار کریں گے۔
یہ امرود ایک قطار میں رکھیں گے۔
شاہد تم ایک بار گنو۔ پھر ۴ × ۱ = ۴ چار ایکا چار یہ سطر لکھو۔



(شاہد نے ویسا ہی کیا۔)

باجی : اب شاہد تم ان امرودوں کو گنو مگر ۴ کے آگے گنو۔
(رضیہ نے پانچ، چھے، سات، آٹھ تک گنا اور پہاڑے کی دوسری سطر لکھی۔
۴ × ۲ = ۸ چار دونی آٹھ)

رضیہ : شاہد اب تم آگے کی سطر تیار کرو۔
(تب شاہد نے وہی ۴ امرود تیسری بار آٹھ کے آگے گنے اور تیسری سطر
میں لکھا ۴ × ۳ = ۱۲ چار تیا بارہ)

شاہد : اب میں سمجھ گیا کہ صرف ۴ امرود بار بار گن کر ۴ کا پہاڑا کیسے بناتے ہیں۔
میں ہی تیار کرتا ہوں آگے کا پہاڑا۔

رضیہ : ۱۰ کا پہاڑا بنانا تو اس سے آسان ہے۔ اس کے لیے تو گننے کی بھی ضرورت
نہیں ہے۔

باجی : ہاں ! کیوں کہ دس کی ایک دہائی ہوتی ہے۔ یہ ہمیں معلوم ہے۔
ایک دہائی = ۱۰ یعنی ۱۰ × ۱ = ۱۰ دس ایکا دس
دو دہائی = ۲۰ یعنی ۱۰ × ۲ = ۲۰ دس دونی بیس۔
اس طرح کرتے کرتے
دس دہائی = ۱۰۰ یعنی ۱۰ × ۱۰ = ۱۰۰ دس دہائی سو۔
پہاڑے بن جاتے ہیں۔

| ۴ کا پہاڑا | |
|---|---|
| ۴ × ۱ = | ۴ |
| ۴ × ۲ = | |
| ۴ × ۳ = | |
| ۴ × ۴ = | |
| ۴ × ۵ = | |
| ۴ × ۶ = | |
| ۴ × ۷ = | |
| ۴ × ۸ = | |
| ۴ × ۹ = | |
| ۴ × ۱۰ = | |

| ۱۰ کا پہاڑا | |
|---|---|
| ۱۰ × ۱ = | ۱۰ |
| ۱۰ × ۲ = | |
| ۱۰ × ۳ = | |
| ۱۰ × ۴ = | |
| ۱۰ × ۵ = | |
| ۱۰ × ۶ = | |
| ۱۰ × ۷ = | |
| ۱۰ × ۸ = | |
| ۱۰ × ۹ = | |
| ۱۰ × ۱۰ = | |


۵ کا پہاڑا تم بناؤ۔اس کے لیے ۵ تاروں کی تصویریں بناؤ یا ۵ پھولوں کی تصویریں بناؤ۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵ | ۵ | ایک مرتبہ گن کر ⭐⭐⭐⭐⭐ |
| ۱۰ | ۵ + ۵ | دو مرتبہ گن کر |
| ۱۵ | ۵ + ۱۰ | تین مرتبہ گن کر |
| ۲۰ | ۵ + ۱۵ | |
| | | |
| ۳۰ | ۵ + ۲۵ | چھے مرتبہ گن کر |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

## تھوڑی سی تفریح







ایک آڑی قطار میں ۴ گملے،
اس طرح کی ۳ آڑی قطاریں۔
کُل گملے ۱۲ یعنی،
۱۲ = ۳ × ۴ →

ایک کھڑی قطار میں ۳ گملے،
اس طرح کی ۴ کھڑی قطاریں۔
کُل گملے ۱۲
یعنی ۱۲ = ۴ × ۳ →

ہے نا مزہ؟ رضیہ نے گنے تب بھی ۱۲ گملے اور شاہد کے گننے پر بھی ۱۲ گملے یعنی ۴ مرتبہ ۳ اور ۳ مرتبہ ۴ لینے پر بھی جواب ۱۲ ہی آتا ہے۔

رضیہ اور شاہد کی طرح ۳ × ۸ = ۸ × ۳ → یہ تصویر بنا کر جانچ کرو۔